**INAM- NAFEES**

**26-11-2024**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

------------------------------

☆ ملک ، آج یومِ آئین اور آئین کو اپنانے کے 75 سال پورے ہونے کا جشن منا رہا ہے۔ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے خطاب کرتے ہوئے، صدرِ جمہوریہ نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ اپنے طرزِ عمل میں آئینی نظریات کو اپنائیں، بنیادی فرائض کو پورا کریں اور ترقی یافتہ بھارت کے قومی مقصد کے حصول کیلئے کام کریں۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے آئین کو رہنمائی کرنے والی ایک روشنی اور ہزاروں سال کی ملک کی عظیم روایت کا جدید اظہار قرار دیا۔

☆ حکومت نے 15 ریاستوں کیلئے قدرتی آفات سے نمٹنے اور صلاحیت سازی کے پروجیکٹوں کیلئے ایک ہزار 115 کروڑ روپے سے زیادہ کی منظوری دی ہے۔

☆ ملک 2008 کے ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے شہیدوں کو یاد کررہا ہے۔ جانبازوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے، صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ بھارت دہشت گردی کی تمام شکلوں کا خاتمہ کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔

☆ جنوب مغربی خلیجِ بنگال میں بنا ہوا کم دباؤ کا اگلے 12 گھنٹے کے دوران شدت اختیار کرنے کا امکان ہے، جس سے تمل ناڈو کے ساحلی علاقوں میں شدید بارش ہوسکتی ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**Constitution Day**

ملک آج یومِ آئین منا رہا ہے۔ بھارتی آئین کو اختیار کیے جانے کے 75 سال منانے کے لیے آج سے سال بھر جاری رہنے والی تقریبات کا آغاز ہوگا۔ 26 نومبر 1949 کو قانون ساز اسمبلی نے آئین کو اپنایا تھا، جسے 26 جنوری 1950 کو نافذ کیا گیا تھا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرموں نے لوگوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اپنی شخصیت میں آئینی اقدار کا اظہار کریں اور 2047 تک ایک ترقی یافتہ بھارت کے قومی ہدف کو حاصل کرنے کی جانب اپنی بنیادی ذمہ داریوں اور کام کو پورا کریں۔ نئی دلی میں سمودھان سدن کے سینٹرل ہال میں یوم آئین کے موقع پر ایک بڑی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے بھارت کے آئین کو ایک زندہ اور ترقی پذیر دستاویز قرار دیا، جس کے ذریعے ملک سماجی انصاف اور سب کی شمولیت والی ترقی کے اہداف کو حاصل کررہا ہے۔

**(Prez Byte)**

صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارت کے آئین میں بیان کی گئی انصاف، آزادی، برابری اور بھائی چارے سے شہریوں کو خوشحال بنانے کا موقع حاصل ہوتا ہے اور سماج میں لوگ ایک دوسرے کی دیکھ بھال کرتے ہیں۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ ملک اگلے سال 26 جنوری پر ایک جمہوریہ بننے کی 75 ویں سالگرہ منائے گا اور اس طرح کی تقریبات کے موقعے لوگوں کو مستقبل کے بارے میں بہتر منصوبہ بندی کرنے کے مواقع دیتی ہیں۔ اس موقع پر ایک یادگاری سکہ بھی جاری کیا۔ صدر جمہوریہ نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے ممبران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے ایسے لوگوں کو قانونی مدد دینے کے لئے کام کیا ہے، جن کے پاس ذرائع کی کمی ہے۔

**[Prez Byte]**

اپنے خطاب میں نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر نے کہا تھا کہ اگر پارٹیاں ذاتکو ملک سے اوپر رکھیں گی تو ہماری آزادی مفلوج ہوجائے گی۔

**[Vice Prez Dhankar-75 years]**

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے اس موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی۔ انھوں نے کہا کہ ہمارا آئین ہمارے لوگوں کی قربانی، اتحاد، طاقت اور صلاحیت کا نتیجہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ آئین ساز اسمبلی نے ممبران کے نظریات کو احترام کے ساتھ دیکھا اور کہا کہ اس طرح کی روایت جاری رہنی چاہئے۔

**[Byte Om Birla]**

آئین تیار کرنے والوں کے تعاون کو اعزاز دینے کے لئے، ہمارا سمودھان، ہمارا سُوابھیمان کے نعرے کے تحت یوم آئین کی تقریبات کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر اسکولوں، دفتروں اور دیگر مقامات پر لوگ آئین کی تمہید کو پڑھ رہے ہیں۔x

**PM - Constitution Day**

وزیراعظم نریندر مودی نے بھارتی آئین کی 75 ویں سالگرہ کے موقع پر تمام شہریوں کو مبارکباد دی ہے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ ہمارا آئین ملک کی رہنمائی کرنے والی روشنی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آئین ہزاروں سال کی عظیم روایت کا جدید اظہار ہے۔
انھوں نے کہا کہ آج ملک پوری صلاحیت کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے اور اپنی گونہ گونیت پر فخر کررہا ہے۔
وزیر اعظم نریندر مودی آج شام سپریم کورٹ میں، یومِ آئین کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ اس موقع پر جناب مودی ایک اجتماع سے بھی خطاب کریں گے۔ اس پروگرام کا اہتمام، بھارت کی سپریم کورٹ کی طرف سے کیا جارہا ہے۔
وزیر اعظم بھارت کی عدلیہ کی 2023-24 کی سالانہ رپورٹ بھی جاری کریں گے۔
قانون و انصاف کے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال، بھارت کے چیف جسٹس، جسٹس سنجیو کھنّہ اور سپریم کورٹ کے دیگر جج صاحبان بھی اس موقع پر موجود رہیں گے۔x

**CJI Constitution Day**

بھارت کے چیف جسٹس سنجیو کھنہ نے آج کہا ہے کہ بھارت ایک درخشاں جمہوریت اور ایک جغرافیائی و سیاسی قائد ملک کے طور پر

ابھرا ہے اور ملک کے آئین نے اِس تبدیلی میں مدد فراہم کی ہے۔ عدالتِ عالیہ میں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے منعقدہ یومِ آئین کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، چیف جسٹس نے آزادی کے بعد بھارتی جمہوریت میں آئین کے کردار پر زور دیا۔ انہوں نے یومِ آئین کے موقع پر مبارکباد پیش کی۔ x

**National Milk Day**

بھارت نے آئندہ دس سال میں پوری دنیا کی دودھ کی کُل پیداوار کا ایک تہائی پیدا کرنے کا ہدف رکھا ہے۔ دودھ کے قومی دن کے موقع پر آکاشوانی سے خصوصی بات کرتے ہوئے گجرات کوآپریٹیو ملک مارکیٹنگ فیڈریشن، جس کا مشہور نام **Amul** ہے، کے مینجنگ ڈائریکٹر **Jayen Maheta** نے بتایا کہ امول فیڈریشن اس ہدف کو حاصل کرنے کے لئے ایک بڑا رول ادا کرنے کا نشانہ رکھتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ یوروپ میں، امریکہ کے بعد امول اپنی موجودگی ثابت کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔

جناب مہتہ نے وزیراعظم نریندر مودی کے اُس نظریے کی تعریف کی، جس میں آنیوالے سالوں میں دو لاکھ سے زیادہ گاؤوں میں ڈیری کوآپریٹیو تیار کرنے کی بعد کہی گئی تھی۔x

**Govt - Disaster Fund**

مرکزی حکومت نے 15 ریاستوں کیلئے قدرتی آفات کی روک تھام اور صلاحیت سازی کے پروجیکٹوں کیلئے ایک ہزار 115 کروڑ روپے سے زیادہ کی منظوری دی ہے۔ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ کی صدارت میں ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی نے اِس فنڈ کی منظوری دی۔ مذکورہ کمیٹی نے 8 شمال مشرقی ریاستوں کیلئے 378 کروڑ روپے، اتراکھنڈ اور ہماچل پردیش کیلئے 139 - 139 کروڑ روپے، مہاراشٹر کیلئے 100 کروڑ روپے ، کرناٹک اور کیرالہ کیلئے 72 - 72 کروڑ روپے اور تمل ناڈو اور مغربی بنگال کیلئے 50 - 50 کروڑ روپے کی منظوری دی ہے۔ اعلیٰ سطحی کمیٹی نے 115 کروڑ روپے سے زیادہ کے کُل اخراجات سے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں سوِل ڈیفنس اور صلاحیت سازی کیلئے ایک اور پروجیکٹ کی بھی منظوری دی ہے۔

وزارتِ داخلہ نے کہا ہے کہ قدرتی آفات مزاحم بھارت کے وزیرِ اعظم کے ویژن کو پورا کرنے کیلئے وزارت نے ملک میں قدرتی آفات کی موثر روک تھام کو یقینی بنانے کیلئے متعدد اقدامات کئے ہیں۔ وزارت نے مزید کہا کہ ملک میں آفات کے خطرے کو کم کرنے کے نظام کو مضبوط کرکے قدرتی آفات کے دوران جانوں کے ضیاع اور املاک کے نقصان کو کم کرنے کیلئے متعدد اقدامات کئے گئے ہیں۔ وزارت نے اجاگر کیا کہ اِس سال ریاستوں کو 21 ہزار 476 کروڑ روپے سے زیادہ پہلے ہی جاری کئے جاچکے ہیں۔ x

**26/11 Mumbai Attacks**

ممبئی میں، مہاراشٹر کے گورنر سی پی رادھا کرشنن نے وزیراعلیٰ ایکناتھ شنڈے اور نائب وزراء اعلیٰ دیویندر فڑنویس اور اجیت پوار کے ساتھ مل کر آج ممبئی دہشت گردانہ حملوں کی 16ویں برسی پر شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انھوں نے ممبئی پولیس کمشنریٹ کے احاطے میں پولیس کے شہید میموریل پر پولیس کے افسران اور جوانوں کی شہادت کے اعزاز میں گل دائرے پیش کئے جنھوں نے 2008 میں ممبئی دہشتگردانہ حملے کے دوران دہشت گردوں کے ساتھ لڑتے ہوئے اپنی قربانیاں پیش کی تھیں۔

پولیس کی ایک پلٹن نے سلامی شستر پیش کیا اور **Bigular Last Post** کی دھن بجائی اور وہاں پر موجود سبھی افسروں اور

شہداء کے گھر والوں نے پولیس کے شہیدوں کو سلامی پیش کی۔
بعد میں گورنر، وزیراعلیٰ اور نائب وزراء اعلیٰ نے تقریب میں موجود شہیدوں کے گھر والوں سے ملاقات کی۔ 26 نومبر 2008 کو ممبئی پر خطرناک دہشت گردانہ حملہ کیا گیا تھا۔ چار دن میں لشکر طیبہ کے دہشت گردوں نے شہر کے مختلف مقامات پر حملے کئے، جس میں 166 افراد مارے گئے اور تین سو سے زیادہ زخمی ہوئے تھے۔x

**Prez - Mumbai Attack**

ممبئی میں 26 نومبر 2008 کو کئے گئے بزدلانہ دہشت گردانہ حملوں کے 16 سال پورا ہونے کے موقع پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اُن بہادروں کو خراجِ عقیدت پیش کیا، جنہوں نے اِن حملوں میں اپنی عظیم قربانیاں دی تھیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ ملک اپنے بہادر سیکیورٹی عملے کا شکرگزار ہے اور انہیں سلام پیش کرتا ہے، جنہوں نے ہم وطنوں کی حفاظت کرتے ہوئے عظیم قربانیاں پیش کیں۔ اِن بہادر عملے کے کنبوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ دن اِس بات کی بھی یاد دلاتا ہے کہ بھارت دہشت گردی کو، چاہے وہ کسی بھی شکل میں ہو، شکست دینے کے تئیں پُرعزم رہا ہے۔x

**Mumbai - Eknath Shinde Resigns**

ممبئی میں ایکناتھ شندے نے مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ البتہ اس کے بعد گورنر سی پی رادھا کرشنن نے ایکناتھ شندے کو کارگزار وزیر اعلیٰ مقرر کیا۔ جناب ایکناتھ شندے نے اپنے نائب وزراء اعلیٰ دیویندر فڑنویس اور اجیت پوار کے ہمراہ آج راج بھون میں گورنر سے ملاقات کی۔ موجودہ اسمبلی کی مدتِ کار بھی آج ختم ہورہی ہے۔ BJP، شندے کی قیادت والی شیو سینا اور اجیت پوار کی قیادت والی نیشنلسٹ کانگریس پارٹی پر مشتمل مہایوتی اتحاد نے مہاراشٹر اسمبلی کی 288 سیٹوں میں سے 230 سیٹیں حاصل کی ہیں۔ BJP ریکارڈ 132 سیٹوں کے ساتھ سب سے بڑی پارٹی بن کر ابھری ہے۔ ایکناتھ شندے کی قیادت والی شیو سینا کو 57 سیٹیں ، جبکہ اجیت پوار کی قیادت والی NCP کو 41 سیٹیں ملی ہیں۔ x

**Cabinet - PAN 2.0**

اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی نے اِنکم ٹیکس محکمے کے Permanent Account نمبر - PAN 2.0 پروجیکٹ کو اپنی منظوری دے دی ہے، تاکہ اِسے عام کاروباری شناخت بنایا جاسکے۔ اس پروجیکٹ کیلئے مالی اخراجات ایک ہزار 435 کروڑ روپے ہوں گے۔
کابینہ کی میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ پروجیکٹ کے تحت موجودہ نظام کو اَپ گریڈ کرنے کا کام مکمل کرلیا جائے گا۔ انھوں نے بتایا کہ PAN 2.0 پروجیکٹ میں مستحکم سائبر سیکیورٹی اقدامات شامل ہوں گے۔ جناب ویشنو نے یہ بھی واضح کیا کہ موجودہ Permanent Account نمبر وہی ہوگا۔x

**Cabinet - Hydro Project**

اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی نے، اروناچل پردیش کے Shi Yomi ضلعے میں Heo پَن بجلی پروجیکٹ کیلئے ایک ہزار

939 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کو منظوری دے دی ہے۔ اندازہ ہے کہ مذکورہ پروجیکٹ 50 مہینوں کے اندر مکمل کرلیا جائے گا۔
جناب ویشنو نے بتایا کہ اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی نے ایک ہزار 750 کروڑ روپے کے تخمینے کے ساتھ اروناچل پردیش کے Shi Yomi ضلعے میں 186 میگاواٹ Tato-1 پَن بجلی پروجیکٹ کی تعمیر کیلئے سرمایہ کاری کی تجویز کو بھی اپنی منظوری دے دی ہے۔x

**Trump Tariff**

امریکہ میں نومنتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکہ کے اہم تجارتی شراکت داروں پر بڑے پیانے پر محصولات کے نفاذ کے منصوبوں کا اعلان کیا ہے۔ اس میں میکسیکو اور کینیڈا کی اشیا پر 25 فیصد محصول اور چین سے ہونے والی درآمدات پر اضافی 10 فیصد محصول کی بات کہی گئی ہے۔ ان محصولات کا مقصد امریکہ میں منشیات اور غیر قانونی امیگرینٹس کی آمد کو روکنا ہے۔
سلسلے وار سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ٹرمپ نے کہا کہ وہ اُن ایگزیکیوٹیو حکم ناموں پر دستخط کریں گے، جس میں تین ملکوں پر محصولات لگانے کی بات کہی گئی ہے۔20 جنوری کو عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ ان کا پہلا قدم ہوگا۔ نومنتخب صدر ٹرمپ نے اپنی انتخابی مہم میں کئی مرتبہ یہ بات کہی تھی کہ وہ امریکہ کے مفادات کی حفاظت کے لئے محصولات کا استعمال کریں گے۔x

**Industrialist Passed Away**

Essar گروپ کے شریک بانی ششی کانت Ruia 81 برس کی عمر میں انتقال کرگئے ہیں۔ طویل عرصے سے بیمار ششی کانت کا ممبئی میں 25 نومبر کو دن میں تقریباً 11 بجکر 55 منٹ میں انتقال ہوا۔ وہ ایک مہینے پہلے ہی امریکہ سے لوٹے تھے، جہاں اُن کا علاج چل رہا تھا۔
صنعت کار ششی کانت نے بھارت کے کارپوریٹ منظرنامے کی از سر نو تشریح میں کلیدی رول ادا کیا تھا۔ انھوں نے Essar گروپ کی بنیاد ڈالی تھی اور وہ اِس کے چیئرمین بھی تھے اور اُس کو ایک عالمی حیثیت دلوائی۔
وزیر اعظم نریندر مودی نے صنعت کار ششی کانت Ruia کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ جناب ششی کانت Ruia صنعت کی دنیا میں ایک قد آور شخصیت تھے۔x

**Bangladesh Students**

بنگلہ دیش میں، پیر کے روز طلبا کی پرتشدد جھڑپوں کے بعد ڈھاکہ کے، Jatrabari اور Demra علاقوں میں پوری طرح انارکی کا ماحول تھا۔ ڈھاکہ کے تین کالجوں، کبی نظرل کالج، سہراوردی کالج اور ڈاکٹر محبوب الرحمان ملاّ کالج کے طلبا کے درمیان ان جھڑپوں اور جوابی جھڑپوں میں طلبا سمیت 50 سے زیادہ افراد زخمی ہوئے ہیں۔
انچارج پولیس افسر سیف الاسلام نے بتایا کہ ڈھاکہ کے نیشنل میڈیکل کالج اور اسپتال میں توڑ پھوڑ کے معاملے میں 37 الگ الگ کالجوں کے 8 ہزار سے زیادہ طلبا کے خلاف معاملہ درج کیا گیا ہے۔x

**TN - Depression**

بھارتی موسمیات محکمے نے پیش گوئی کی ہے کہ شمال مغربی خلیجِ بنگال اور ملحقہ بحرِ ہند کے مشرقی علاقوں میں بنا ہوا کا کم دباؤ چنئی

کے جنوب جنوب مشرق سے تقریباً 830 کلومیٹر دور مرکوز ہے۔ اِس کے اگلے 12 گھنٹے کے دران مزید شدت اختیار کرنے اور سری لنکا اور تمل ناڈو کے ساحلوں کی جانب بڑھ جانے کا امکان ہے۔ اِس کی وجہ سے آئندہ جمعہ تک شدید سے بہت شدید بارش ہوسکتی ہے۔ تمل ناڈو کے ساحلی علاقوں میں الگ الگ مقامات پر انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔ آندھرا پردیش کے جنوبی ساحلی علاقوں میں بھی الگ الگ مقامات پر ہلکی سے اوسط بارش ہوسکتی ہے۔ x

☆☆☆☆☆